**21.03.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......محمد عمار

**Music**

------------------------------

- ☆ وزیراعظم نریندر مودی نے عید اور نوروز کے موقعے پر ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پیزشکیان سے بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے امیدظاہر کی کہ یہ تہوار مغربی ایشیا میں امن واستحکام اور خوشحالی کا سبب بنیں گے۔
- ☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے زور دے کر کہا ہے کہ ایک بڑی فوج کی ضرورت ہے، جسے تیار شہریوں کی حمایت حاصل ہو، تاکہ ہر طرح کے حالات میں ملک کی حفاظت کی جاسکے۔
- ☆ حکومت نے ریاستی اور مقامی اداروں کی طرف سے چلائے جانے والے ریستوراں، ہوٹل، کینٹین اور ڈھابوں جیسے ترجیحی شعبوں کیلئے مزید 20 فیصد کمرشل LPG کی منظوری دے دی ہے۔
- ☆ متحدہ عرب امارات، برطانیہ، جرمنی، فرانس اور جاپان جیسے 22 ملکوں نے ایران سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ حملے روک دے اور آبنائے ہرمز دوبارہ کھول دے۔
- ☆ رمضان کے روزے مکمل ہونے کے بعد آج پوری مذہبی عقیدت کے ساتھ عیدالفطر کا تہوار منایا گیا۔
- ☆ اور کھیلوں میں ابھے سنگھ، ممبئی میں انڈین اوپن اسکویش کے فائنل میں داخل ہوگئے ہیں۔
- ☆ اور Orleans ماسٹرس بیڈمنٹن میں خواتین کے سنگلز کے سیمی فائنل میں تنوی شرما، جاپان کی، Nozomi Okuhara سے ہار گئیں۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Iran PREZ**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پیزشکیان سے بات چیت کی اور عید اور نوروز کی مبارکباد پیش کی۔ دونوں رہنماؤں نے امید ظاہر کی کہ اِن تہواروں سے، مغربی ایشیا میں امن واستحکام اور خوشحالی آئے گی۔ وزیر اعظم مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں خطے میں اہم بنیادی ڈھانچے پر کئے گئے حملوں کی مذمت کی، جن سے علاقائی استحکام کو خطرہ لاحق ہوتا ہے اور عالمی سپلائی چین میں رکاوٹ آتی ہے۔ انھوں نے جہازوں کی آزادانہ آمد ورفت کی حفاظت اور جہازوں کے راستے کھلے اور محفوظ رہیں، اِس کی اہمیت کو ایک بار پھر دہرایا۔ جناب مودی نے ایران میں بھارتی باشندوں کی حفاظت اور سلامتی کیلئے ایران کی طرف سے جاری مدد کی تعریف کی۔

**Jaishankar Iran FM**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ایران کے اپنے ہم منصب سید عباس عراقچی سے آج شام بات چیت کی ہے۔ انھوں نے نوروز اور عید کی مبارکباد دی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ یہ بات چیت جنگ جنگ سے متعلق تازہ ترین حالات وواقعات اور خطے کے بڑے حصے میں اس کے مضمرات کے بارے میں کی گئی۔x

**Rajnath Saink School**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ جدید جنگ، اب صرف سرحدوں تک محدود نہیں رہی بلکہ اس میں معیشت، ڈیجیٹل، توانائی اور خوراک کے شعبے بھی شامل ہو گئے ہیں۔ آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اتراکھنڈ میں سینک اسکول Ghorakhal کے یومِ تاسیس اور ڈائمنڈ جوبلی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے مضبوط فوج کے ساتھ ساتھ باشعور اور تیار شہری کی ضرورت پر بھی زور دیا کیونکہ آج کی جنگ میں سائبر، خلائی اور معلوماتی پہلو بھی شامل ہوگئے ہیں۔

**S/B: Rajnath Singh on Sanik School**

وزیر دفاع نے اجاگر کیا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، دفاعی افواج کو جدید ہتھیاروں اور ٹیکنالوجی سے لیس کر رہی ہے اور نوجوانوں میں ڈسپلن اور نظم و ضبط کو فروغ دے رہی ہے۔

انہوں نے کہا کہ سرکاری و نجی شراکت داری PPP کے طرز پر 100 نئے سینک اسکول قائم کیے جائیں گے اور NCC میں بھی اسامیوں میں اضافہ کیا جائے گا۔

**S/B: Rajnath Singh**

وزیر دفاع نے سینک اسکولوں میں لڑکیوں کے داخلے کو ایک تاریخی قدم قرار دیا اور کہا کہ یہ لڑکیاں، ناری شکتی کی مشعل بردار بنیں گی اور مختلف شعبوں میں نمایاں کردار ادا کریں گی۔ x

**Rajnath Singh Uttarakhand**

مرکزی وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ دنیا بحران کے دور سے گزر رہی ہے اور بہت سے خطوں میں تنازعات جاری ہیں۔ انھوں نے کہا کہ مغربی ایشیا پر جاری حملے نہ صرف بھارت کیلئے تشویش کا سبب ہیں، بلکہ پوری دنیا کیلئے بھی۔مغربی ایشیا میں جاری جنگ کی وجہ سے، توانائی اور خوراک کے امکانی بحران کے بارے میں انھوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک ابھی تک اِس طرح کے کسی بحران سے عام طور پر محفوظ ہے۔ وہ ریاستی سرکار کے چار سال پورے ہونے کے موقع پر اتراکھنڈ کے شہر ہلدوانی میں ایک پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت نے اِس معاملے پر ایک واضح موقف اختیار کیا ہے، جس میں اِس بات پر زور دیا گیا ہے کہ کوئی حل مذاکرات اور سفارت کے ذریعے تلاش کیا جائے۔

**S/B 2045 Rajnath Singh**

## Rev. Govt. LPG

حکومت نے ریاستوں کیلئے مزید 20 فیصد کمرشل LPG مختص کردی ہے۔ اس طرح مجموعی طور پر یہ تخصیص پچاس فیصد ہوگئی ہے، جس میں PNG توسیع کیلئے اصلاحات کے عمل کو آسان بنانے پر مبنی 10 فیصد تخصیص بھی شامل ہے۔

یہ اضافی گیس ریستورانوں، ڈھابوں، ہوٹلوں، صنعتی کینٹین، ڈیری، سبسڈی والے کینٹین وغیرہ جیسے شعبوں کو ترجیحی بنیاد پر دی جائے گی، جنھیں ریاستی اور مقامی ادارے چلاتے ہیں۔

پیٹرولیم وقدرتی گیس کے سکریٹری نیرج متّل نے اِس سلسلے میں سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف سکریٹریز کو خط لکھا ہے کہ یہ اضافی گیس پیر کے روز سے تقسیم کی جائے گی۔

اِس خط میں انھوں نے کہا کہ سبھی کمرشل اور صنعتی LPG صارفین کو مجموعی پچاس فیصد گیس سے کمرشل LPG الاٹ کئے جانے کا اہل ہونے سے پہلے، تیل کی مارکیٹنگ کمپنیوں OMCs میں رجسٹریشن کرانا ہوگا۔

حکومت نے شہریوں کو یقین دلایا ہے کہ پیٹرول، ڈیزل یا LPG کی کوئی قلت نہیں ہے اور عوام پر زور دیا ہے کہ وہ کسی طرح دہشت میں نہ آئیں۔

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ تیل صاف کرنے کے کارخانوں کی، گھریلو LPG پیداوار میں اضافہ ہوا ہے۔ وزارت نے کہا کہ سٹی گیس ڈسٹری بیوشن کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ کمرشل اداروں کیلئے CNG کنکشن کو ترجیح دیں۔

اِس کے علاوہ بڑے شہروں اور شہری علاقوں میں کمرشل LPG صارفین کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اب PNG کا استعمال کرنے لگیں۔ حکومت نے ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ کی روک تھام کیلئے سخت اقدام کریں۔ وزارت نے کہا کہ ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں میں چھاپہ ماری جاری ہے تاکہ LPG کی ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ کا پتہ لگایا جاسکے۔

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کی وزرات نے کہا ہے کہ وہ جہازوں کی آمد ورفت، بندرگاہ کے کام کاج، سمندر کے راستے تجارت اور بھارتی سمندر میں حفاظت پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ خطے میں سبھی بھارتی جہاز محفوظ ہیں۔x

## PM Article

وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک مضمون شیئر کیا ہے، جسے مرکزی وزیر سی آر پاٹل نے تحریر کیا ہے۔ اِس مضمون میں مستقبل میں پانی کی یقینی فراہمی کا مقصد حاصل کرنے کے، بھارت کے جامع تصور کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ اِس مضمون میں خاص طور پر کہا گیا ہے کہ پانی سے متعلق حکمرانی کے تئیں بھارت کا رویہ تحفظ، لگاتار استعمال اور سرگرم سماجی حصے داری پر مبنی ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اِس مضمون میں مزید کہا گیا ہے کہ جل شکتی کی وزارت کی تشکیل، کس طرح ایک تاریخی اور پورے ملک میں پانی کے مربوط بندوبست کی جانب ایک فیصلہ کن قدم ہے۔x

**Iran Appeal**

22ملکوں نے ایران سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ حملے بند کر دے اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھول دے۔ ایک مشترکہ بیان میں متحدہ عرب امارات، بحرین، برطانیہ، جرمنی، فرانس، جاپان، جنوبی کوریا اور آسٹریلیا سمیت کئی ملکوں نے خطے میں تجارتی جہازوں اور توانائی کے مراکز پر حملوں کی مذمت کی اور خبر دار کیا کہ اِس کے اثرات پوری دنیا پر پڑیں گے، خاص طور پر کمزور طبقات متاثر ہوں گے۔ اِن ملکوں نے فوری طور پر کشیدگی کم کرنے کی اپیل کی ہے۔

**with Add Trump Iran War End**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکہ، ایران کے خلاف اپنی فوجی کارروائی ختم کرنے پر غور کر رہا ہے، جیسا کہ ایران اور اسرائیل نے ایک دوسرے پر حملے کئے ہیں اور ایران کے میڈیا نے **Natanz** میں نیوکلیائی مرکز پر حملے کی خبر دی ہے۔

جناب ٹرمپ نے کہا کہ امریکہ اپنے مقاصد حاصل کرنے کے قریب ہے۔ انھوں نے اشارہ دیا کہ دیگر ملک آبنائے ہرمز کی حفاظت کیلئے قیادت سنبھالیں۔ انھوں نے خبردار کیا ہے کہ اِس طرح کی کسی بھی رکاوٹ سے عالمی سطح پر توانائی کا بحران پیدا ہوسکتا ہے۔ امریکی انتظامیہ نے جنگ کے مقاصد پر ملی جلی رائے کا اظہار کیا ہے جو اب چوتھے ہفتے میں ہے، جس سے کہ اُس کے اتحادیوں کو حملوں کا جواب دینے میں مشکل پیش آرہی ہے۔

جناب ٹرمپ نے کہا ہے کہ یہ جنگ **24** گھنٹے کے اندر–اندر ختم کردی جائے اگرچہ امریکی کی اضافی فوجیں ایک مشن کے تحت خطے میں داخل ہوئی ہیں، جس کا مقصد فوری طور پر واضح نہیں ہے۔

اِسی دوران، ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی نے کہا کہ ایران اِس جنگ کا ایک مکمل، جامع حل اور ہمیشہ ہمیشہ کیلئے خاتمہ چاہتا ہے۔ اُس نے جنگ بندی کے کسی بھی معاہدے کو مسترد کردیا ہے۔ انھوں نے امریکہ–اسرائیل حملوں کو غیرقانونی، جارحیت کی بلاجواز کارروائی قرار دیا ہے اور بین الاقوامی برادری سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اِس سلسلے میں کوئی کارروائی کریں۔ ایران کے وزیر خارجہ جناب عراقچی نے کہا کہ کسی بھی حل میں، مستقبل میں حملوں کی روک تھام اور جامعیت کی گارنٹی ہونی چاہئے۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ امریکہ کو ایک صحیح معاہدے کیلئے عام آدمی کا اظہار کرنا چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ ایران آبنائے ہرمز کے راستے جاپانی جہازوں کو گزرنے دینے کیلئے تیار ہے۔

عراقچی نے برطانیہ کو بھی خبردار کیا کہ اگر وہ اِس کشیدگی میں شامل رہا تو اُس کے خلاف جوابی کارروائی کی جائے گی۔ انھوں نے برطانیہ میں ٹھکانوں کو امریکہ کے ہاتھوں استعمال کرنے دینے پر وزیر اعظم **Keir Starmer** پر نکتہ چینی کی۔ اِسی دوران، برطانیہ کے وزیر خارجہ **Yvette Cooper** نے ایران کو خبردار کیا ہے کہ وہ برطانیہ کے مفادات کو نشانہ نہ بنائیں۔ ایران نے تصدیق کی ہے کہ امریکہ اور اسرائیل نے آج، اُس کے **Natanz** نیوکلیائی مرکز پر مشترکہ حملے کئے۔ ایران کی ایٹمی توانائی تنظیم نے کہا کہ اِس جگہ پر حملے کئے گئے لیکن اِس پلانٹ سے کوئی ریڈیو ایکٹیو رِساؤ نہیں ہوا ہے۔

ایران نے محدود طور پر اپنے رویّے میں لچک کا اشارہ دیا ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ وہ عالمی سطح پر توانائی کی سپلائی میں مکمل رکاوٹ سے بچنے کیلئے، آبنائے ہرمز کے راستے، کچھ کمرشل جہازوں کو اجازت دے سکتا ہے۔

اِسی دوران، ایران کے صدر مسعود پیزشکیان نے، خطے کے مسلم اکثریت والے ملکوں سے، براہِ راست رابطہ قائم کیا ہے۔ انھوں نے کہا ہے کہ ایران، اُنھیں اپنا بھائی سمجھتا ہے اور یہ سمجھتا ہے کہ اُن کے درمیان کوئی تنازعہ نہیں ہے۔ اور اگر کوئی فریق اُن کے اختلافات سے فائدہ اٹھا رہا ہے تو وہ ہے اسرائیل۔

مغربی ایشیا کے ہمارے نامہ نگار نے تفصیل بتائی ہے

**VC Vinod**

ایران کے صدر مسعود پیزشکیان نے کہا ہے کہ ایران اپنے پڑوسیوں کے ساتھ جنگ نہیں چاہتا، البتہ اُس نے کشیدگی میں اضافہ کرنے کا الزام امریکہ اور اسرائیل کو دیا ہے۔ جنوبی لبنان میں اسرائیل نے حملے پچھلے کچھ گھنٹے کے دوران کافی تیز کردیئے ہیں۔ لبنان کے صحت حکام نے کہا کہ کم سے کم **40** صحت کارکنوں کو جنگ شروع ہونے کے بعد سے اب تک ہلاک کیا جاچکا ہے۔ حزب اللہ نے کہا ہے کہ اُس نے **Safed** اور دیگر شمالی علاقوں کے قریب اسرائیل کے فوجی ٹھکانوں پر ڈرون اور راکٹ حملے کئے۔ شمالی اسرائیل میں لبنان کی طرف سے کئے گئے حملے میں راکٹ ملبے کی وجہ سے دو عمارتوں کو نقصان پہنچا۔ یہاں سرحد کے پار سے لڑائی جاری ہے۔

متحدہ عرب امارات میں وزارت دفاع نے پچھلے گھنٹے کے دوران تصدیق کی کہ فضائی دفاعی نظام میں تین بیلسٹک میزائلوں اور آٹھ ڈرون کو فضا میں ہی تباہ کردیا۔

ڈُبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسلم بیگ

## US OIL Sanction

امریکہ نے ایران کے تیل پر عائد بندشوں میں نرمی کی ہے۔ اُس نے سمندر میں پھنسے ہوئے تیل کے جہازوں کو گزرنے کی محدود طور پر اجازت دی ہے۔ امریکی وزیر خزانہ **Scott Bessent** نے ایران کے خام تیل اور اُن پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت کیلئے مختصر مدت کی اجازت دینے کا اعلان کیا ہے، جو جہازوں پر لادی جاچکی ہے۔ یہ اجازت اگلے مہینے کی **19** تاریخ تک جاری رہے گی۔ اِس قدم کے تحت تقریباً **14** کروڑ بیرل عالمی مارکیٹ میں آجائیں گے، اگرچہ ماہرین نے کہا ہے کہ قیمتوں پر پڑنے والا یہ اثر محدود ہوگا اور خبردار کیا ہے کہ اِس سے ایران کیلئے رقوم میں اضافہ ہوسکتا ہے۔تیل اور گیس کی قیمتیں، جنگ شروع ہونے کے بعد سے بڑھ گئی ہیں، جس کے تحت برینٹ خام تیل تقریباً **112**ڈالر فی بیرل ہوگیا ہے۔جنگ سے پہلے اِن بندشوں کے تحت چین، ایران کے رعایت شدہ تیل کا اصل خریدار ہے جبکہ بندش میں کمی کئے جانے سے بھارت، جاپان اور ملیشیا جیسے ملکوں کو دوبارہ سپلائی شروع ہوسکتی ہے۔**x**

## BJP Assam List

**BJP** کی مرکزی انتخابی کمیٹی نے آسام میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے دو امیدواروں پر مشتمل اپنی

دوسری فہرست جاری کی ہے۔ اِس فہرست کے مطابق محترمہ کرشنا سارا، Dalgaon اسمبلی حلقے سے چناؤ لڑیں گی، جبکہ جیون گگوئی، Sissibargaon اسمبلی سیٹ سے میدان میں ہوں گے۔

کانگریس نے بھی آسام اسمبلی انتخابات کیلئے 7امیدواروں پر مشتمل ایک اور فہرست جاری کی ہے۔ کانگریس پارٹی نے Bidisha Neog کو Jalukbari حلقے سے ٹکٹ دیا ہے۔ جینت بورا، وشوناتھ اسمبلی حلقے سے چناؤ لڑیں گے، جبکہ راوت رائے، Hailakandi اسمبلی سیٹ سے پارٹی کے امیدوار ہوں گے۔ 126رکنی آسام اسمبلی کیلئے 9اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 4مئی کو کی جائے گی۔ x

## Eid Ul Fitr

آج ملک کے مختلف حصوں میں عیدالفطر کا تہوار منایا گیا۔ یہ تہوار رمضان کے مہینے کے روزے پورے ہونے کے بعد منایا جاتا ہے۔اس موقع پر عقیدتمند، روایتی لباس پہن کر عیدالفطر کی نماز ادا کرنے کیلئے عیدگاہوں اور مسجدوں میں جاتے ہیں۔ یہ لوگ ایک دوسرے کو مبارکباد دیتے ہیں۔ اپنے رشتے داروں اور دوستوں کے گھر جاتے ہیں اور مٹھائیاں تقسیم کرتے ہیں۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج عیدالفطر کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔x

## Kargil EID

لداخ میں پورے کرگل ضلعے میں عیدالفطر کا تہوار آج پوری مذہبی عقیدت اور روایتی جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ ہزاروں لوگ عید کی خصوصی نماز ادا کرنے کیلئے جمع ہوئے۔ سب سے زیادہ لوگوں نے نماز، انقلاب منزل اور حسینی پارک میں ادا کی گئی، جس کے بعد لوگوں نے دنیا میں امن و اتحاد اور ہم آہنگی کی دعائیں کیں۔

اسی طرح کے اجتماعات اور عید کی نماز کی خبریں دراس، سَنکُو، تائی سورو، چِک تَن اور زَنسکار سے بھی موصول ہوئی ہیں۔ لوگ اس موقع پر غریب اور ضرورتمند افراد کو فطرہ بھی ادا کر رہے ہیں، جو عیدالفطر کا ایک لازمی حصہ ہے۔عیدالفطر کی نماز دلّی کی جامع مسجد، فتح پوری مسجد اور شاہی عیدگاہ میں بھی ادا کی گئی۔

اُدھر تلنگانہ میں بھی لوگ عیدالفطر کی خوشیاں منا رہے ہیں۔ گورنر شیو پرتاپ شُکلا اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈّی نے لوگوں کو عید کی مبارکباد دی ہے۔x

## Rev Squash

اسکویش میں ابھے سنگھ، انڈین اوپن اسکویش کے مردوں کے سنگلز کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے آج شام ممبئی میں سیمی فائنل میں ملیشیا کے Ammishenraj چندرن کو ہرا دیا۔

مردوں کے سنگلز کے دوسرے سیمی فائنل میں Veer Chotrani کا مقابلہ آج، سنجے جیوا سے ہوگا۔

خواتین کے سیمی فائنل میں اناہت سنگھ کا سامنا Tanvi Khanna سے ہوگا۔ x

**Badminton**

Orleans ماسٹرس بیڈمنٹن میں فرانس کے Palais des اسپورٹس میں خواتین کے سنگلز کے سیمی فائنل میں جاپان کی اعلیٰ درجے کی کھلاڑی Nozomi Okuhara نے آج بھارت کی نوجوان کھلاڑی تنوی شرما کو اکیس–نو، اکیس–سولہ سے شکست دی۔ سابق عالمی چمپئن Okuhara نے 29 منٹ میں یہ میچ جیت لیا۔ اِس طرح تنوی شرما کی سب سے کم عمر میں BWF سپُر– 300 خطاب جیتنے کی مہم ختم ہوگئی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆